# شرائط نیلام(E-Auction)

## ٹھیکہ منڈی مال مویشی بالاکوٹ برائے سال 2026-27

## تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بالاکوٹ

۱۔ معیاد ٹھیکہ عرصہ ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027) ہوگی۔

۲۔ کوئی بھی شخص / فرم جو محکمہ بلدیات و کسی بھی لوکل کونسل و صوبائی حکومت یا وفاقی حکومت کے کسی قسم کے بقایادار ہوں وہ بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

۳۔ بولی میں وہ شخص رفرم حصہ لینے کا مجاز ہوگا جو کہ لوکل کونسل بورڈ صوبہ خیبر پختونخواہ پشاور متعلقہ کلاس میں رجسٹرڈ شدہ ہو اور برائے سال 2026-27 کیلئے رجسٹریشن کی تجدید کروائی ہو۔

۴۔ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق بولی کا انعقاد بذریعہ آن لائن مکمل بولی E-Baldia/E-auction کیا جائے گا۔ آن لائن مکمل بولی کی تفصیلات / طریقہ کار محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخواہ پشاور کی دی گئی ویب سائٹ E-Baldiya(https://cfims.lgkp.gov.pk) پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں جس کے مطابق نیلامی کا شیڈول بذریعہ مشتہری اخبارات کیا جا کر مذکورہ تاریخ پر بروز سوموار اور پر دی گئی ویب سائٹ پر اپلوڈ کیا جائے گا۔ جو کہ بدھ شام 04.00 بجے تک مذکورہ ویب سائٹ پر اپلوڈ رہے گا خواہشمند حضرات سوموار صبح 9.00 سے بدھ شام 04:00 بجے تک اپنی پیشکش / بولی دے سکتے ہیں۔

۵۔ (a بولی میں حصہ لینے سے قبل ٹھیکیدار کو لازمی طور پر 5% زر بیعانہ (سیکیورٹی) کی کال ڈیپازٹ بنام TMO بالاکوٹ بنوا کر سائٹ پر انٹر کرنے کے بعد بولی میں حصہ لے سکتا ہے۔

(b) E- Auction کامیاب بولی دہندہ ٹھیکیدار کے لیے لازم ہے کہ وہ اگلے تین ورکنگ ایام کے اندر دفتری اوقات کار میں 5% سیکیورٹی اور 15% ایڈوانس رقم جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ بصورت ناکامی ٹھیکہ منسوخ کر کے 5% سیکورٹی ضبط کی جائے گی اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

کامیاب بولی دہندہ FBR کے ساتھ رجسٹرڈ ہونے کی صورت میں 10% انکم ٹیکس اور KPPRA کی طرف سے نافذ کردہ ٹیکس جمع کروانا کا پابند ہوگا۔

۶۔ کامیاب بولی دھندہ اگر 30% سے زائد بولی دے گا تو وہ جمع شدہ زرضمانت کے برابر 5% اضافی زرضمانت بحق TMA بالاکوٹ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۷۔ ٹھیکہ کی منظوری کے ایک ہفتہ کے اندر اندر ٹھیکیدار کو اپنی ضمانت کے طور پر دو لوکل شخص جس کی پراپرٹی مذکورہ ٹھیکہ کے برابر ہو، اسٹامپ پیپر فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ مہیا کرنا ہوگا۔ اور اس کا بعد معاہدہ تحریری کرنا ہوگا۔ اگر ایسا کرنے میں ٹھیکیدار ناکام رہا تو ٹھیکہ ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلام کیا جائیگا اور 05% زرضمانت اور 15% ایڈوانس رقم بحق TMA بالاکوٹ ضبط کی جائے گی۔

۸۔ ٹھیکیدار کل زرنیلام 11 مساوی اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ پہلی قسط ماہ جولائی 2026 کے اختتام پر ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ اسی طرح بقیہ اقساط بھی ہر ماہ کی آخری تاریخ تک ادا کرنی ہوں گی۔

۹۔ 15 فیصد رقم ٹھیکہ کی آخری قسط میں مجرا کی جائے گی جبکہ 5 فیصد زرضمانت ٹھیکیدار کو 30 جون 2027 کے بعد واپس کر دی جائے گی بشرطیکہ وہ TMA بالاکوٹ کا بقایادار نہ ہو۔ بصورت دیگر اس کی جمع شدہ سیکورٹی سے TMA بالاکوٹ وصول کر کے بقایا رقم اس کو واپس کرے گی۔

۱۰۔ ٹھیکیدار ہر ماہ کی پانچ تاریخ کو قسط ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر ٹھیکیدار مقررہ تاریخ تک ادائیگی کرنے میں ناکام رہا تو اس پر 2% یومیہ جرمانہ عائد کیا جائیگا۔ اگر ہر ماہ کی 15 تاریخ تک قسط کی ادائیگی نہ کی گئی تو ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا اور ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔ اور جمع شدہ رقم ایڈوانس قسط بمعہ زرضمانت بحق TMA بالاکوٹ ضبط کی جائیگی۔ جس پر ٹھیکیدار کو کوئی اعتراض کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور نہ ہی وہ عدالت میں TMA بالاکوٹ کے فیصلے کو چیلنج کر سکے گا۔

۱۱۔ ٹھیکیدار TMA بالاکوٹ کے مقررہ شیڈول کے مطابق وصولی کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۲۔ دوران ٹھیکہ وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کی طرف سے اگر کوئی ٹیکس لگایا گیا تو ٹھیکیدار اس کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

۱۳۔ ٹھیکہ ایک دفعہ نیلام ہونے کے بعد کسی بھی دوسرے شخص یا فرم کے نام پر منتقل/Sublet نہیں کیا جاسکے گا۔ اگر ٹھیکیدار ٹھیکہ جاری رکھنے سے معذوری ظاہر کرے گا تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار کی risk & cost پر منسوخ کیا جا کر دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۱۴۔ جب تک ٹھیکیدار معاہدہ پر دستخط نہ کرلے تو اس وقت تک ٹھیکہ کا چارج اس کے حوالہ نہیں کیا جائے گا۔

۱۵۔ کسی بھی ناگہانی آفت، بادوباراں، خشک سالی یا ہڑتال وغیرہ کی وجہ سے اگر ٹھیکیدار کو نقصان اٹھانا پڑا تو وہ اس کے ازالہ کے لئے کسی قسم کی رعائت (remission) کا مستحق نہ ہوگا۔

۱۶۔ منڈی مال مویشی کا انعقاد ہفتے میں 1 دن بروز جمعہ ہوگا۔ عیدالضحیٰ کے دنوں میں ٹھیکیدار کو خصوصی منڈی لگانے کی اجازت ہوگی۔ اس کے علاوہ ٹھیکیدار کسی بھی دن منڈی نہیں لگا سکے گا۔

۱۷۔ منڈی مال مویشی بالاکوٹ کے علاوہ بالاکوٹ کی حدود میں کوئی بھی شخص یا ادارہ منڈی لگانے کا مجاز نہ ہوگا۔ اگر کوئی شخص منڈی مال مویشی کے مخصوص ایام کے علاوہ جانوروں کی خرید فروخت کرتا ہوا پکڑا گیا تو ٹھیکیدار اس پر گیارہ گنا تاوان عائد کرنے اور دیگر قانونی کاروائی کرنے کا مجاز ہوگا۔ نیز تاوان نہ ادا کرنے یا مزاحمت کرنے کی صورت میں متعلقہ تھانہ میں اطلاع دے کر اس کے مویشی / مویشیوں کو پھاٹک میں بند کروا سکے گا جب تک مذکورہ شخص تاوان کی رقم جمع نہ کروالے۔ اس کے مویشی بند رہیں گے اور دوران بندش پھاٹک کا خرچہ اس شخص سے وصول کیا جائے گا اور تاوان اور خرچہ کی رقم وصول کی جاسکے گی۔

۱۸۔ دوران ٹھیکہ اگر کسی وجہ سے فریقین کے درمیان کوئی تنازعہ پیدا ہوا تو تنازعہ کو بذریعہ Arbitration Act 1940 کے تحت حل کیا جائے گا۔ ریجنل میونسپل آفیسر ہزارہ ڈویژن ایبٹ آباد ثالث ہونگے۔ جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ جسے نہ تو عدالت میں چیلنج کیا جاسکے گا اور نہ ہی ٹھیکیدار کسی قسم کا کلیم حاصل کرنیکا مجاز ہوگا۔

۱۹۔ صوبائی حکومت نے ماڈل شرائط نیلام بذریعہ چھٹی نمبری NO-AO-II/LCB/6-11/2026 مجریہ 07/05/2026 جو ہدایات جاری کی ہیں ٹھیکیداران پر من و عن عمل درآمد کا پابند ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ٹیکس سپرنٹنڈنٹ | اسسٹنٹ تحصیل آفیسر ریگولیشن | تحصیل میونسپل آفیسر |
| TMA بالاکوٹ | TMA بالاکوٹ | TMA بالاکوٹ |

Scanned with CamScanner